آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ بہاولپور

چیف ایڈیٹر احسان احمد سحر

ایڈیٹر محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053 موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 15 | بروز بدھ 5 جنوری 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 266

# پاکستان میں صرف قانون ہی سب سے بڑا ہتھیار ہونا چاہیے

چیف جسٹس پاکستان

اسلام آباد میں جوڈیشل کمپلیکس بننے سے وکلاء کو اچھا ماحول اور کیس کی بہتر تیاری کا موقع ملے گا، جج اور وکیل کا کام ایک ہی ہوتا ہے وکیل کا کام مقدمہ کی پیروی اور جج کا کام مقدمہ کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے

میں بنیادی طور پر وکیل ہوں میری واپسی بھی آپکے پاس ہوگی چیف جسٹس گلزار احمد کا اسلام آباد میں لائرز کمپلیکس کی تعمیر کے آغاز پر بار سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد نے کہا ہے کہ معاشرے میں قانون کی عمل داری ہونی چاہیے اور پاکستان میں صرف قانون ہی سب سے بڑا ہتھیار ہونا چاہیے۔ اسلام آباد میں لائرز کمپلیکس کی تعمیر کے آغاز پر اسلام آباد بار نے یوم تشکر کی تقریب کا اہتمام کیا۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے پرچم کشائی کے بعد بار سے خطاب میں کہا اللہ کرے گا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## پاکستان سٹیزن پورٹل اور دیگر ذرائع سے قبضہ مافیا کیخلاف موصول ہونے والی شکایات کو ترجیح دی جائے۔ آر پی او شیر اکبر

بہاولپور (پ ر) ریجنل پولیس آفس بہاولپور میں شہریوں کی جانب سے موصول ہونے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سیکرٹری لوکل گورنمنٹ الطاف بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

نئے سالانہ ڈویلپمنٹ فنڈز کے استعمال کے حوالے سے اہم فیصلے لئے گئے

بہاول پور (پ ر) سیکرٹری لوکل گورنمنٹ الطاف بلوچ کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں نئے سالانہ ڈویلپمنٹ فنڈز کے استعمال کے حوالے سے اہم فیصلے لئے گئے۔ اجلاس میں لوکل گورنمنٹ کمپلیکس بنائے جانے کے حوالے سے غور وخوض بھی کیا گیا جس کے تحت جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کی اہم عمارتیں بھی کمپلیکس میں بنیں گی۔ تفصیلات کے مطابق لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ جنوبی پنجاب محمد الطاف بلوچ کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں سالانہ ترقیاتی پروگرام 23

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# PDM کا بلا مقصد احتجاج دم توڑ چکا، انتشار کی سیاست کرنیوالے ہوش کے ناخن لیں عثمان بزدار

اپوزیشن کے پاس ماسوائے شرمندگی کے کچھ نہیں بچا اپوزیشن میں نہ مانوں کی رٹ چھوڑ کر عملیت پسندی کا مظاہرہ کرے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ اس وقت قوم کو اتحاد، اتفاق اور بھائی چارے کی جتنی ضرورت ہے پہلے کبھی نہ تھی۔ انتشار کی سیاست کرنے والوں کو جوش کی بجائے ہوش سے کام لینا چاہیئے۔ پی ڈی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# مراعات یافتہ طبقہ اور عام شہری پر قانون کا یکساں اطلاق ہونا چاہیے عمران خان

حکومت قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے وزیر اعظم کی انصاف لائرز فورم کے عہدیداروں سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مراعات یافتہ طبقے اور عام شہری پر قانون کا اطلاق یکساں ہونا چاہیے۔ وزیر اعظم عمران خان سے انصاف لائرز فورم کے وفد نے ملاقات کی، جس میں ایڈیشنل

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## آئی یو بی: اسلامک بینکنگ سیمینار

بہاولپور (پ ر) شعبہ کامرس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام بنک آف خیبر، نیشنل رورل سپورٹ پروگرام مائیکرو فنانس بنک اور سٹیٹ بنک آف پاکستان کے تعاون سے اسلامک بینکنگ سیمینار منعقد ہوا۔ مہمان مقرر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کورونا کے بعد دنیا میں فلورونا کا پہلا کیس سامنے آگیا

اس نئے انفیکشن میں مبتلا مریض میں کورونا اور انفلوئنزا دونوں وائرس پائے گئے

لاہور (یو این پی) عالمی وبا کورونا وائرس کے بعد دنیا میں پہلی مرتبہ ایک ساتھ انسانی جسم پر حملہ کرنے والے کورونا اور فلو وائرس کا کیس سامنے آ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس کورونا اور انفلوئنزا کے دوہرے انفیکشن کو "فلورونا" کا نام دیا جارہا ہے کیونکہ اس نئے انفیکشن میں مبتلا مریض میں کورونا اور انفلوئنزا دونوں وائرس پائے گئے ہیں۔ آسان الفاظ میں یہ ایک ہی مریض میں کورونا

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## بیرون ملک سے پاکستان آنے والے مسافروں کے لیے نیا حکم نامہ جاری

سی اے اے نے ممانعت والے ملکوں کی کیٹیگری بی اور کیٹیگری سی فہرست کو ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (یو این پی) بیرون ملک سے پاکستان آنے والے مسافروں کے لیے نیا حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سول

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: سیکرٹری لوکل گورنمنٹ جنوبی پنجاب محمد الطاف بلوچ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سالانہ ترقیاتی پروگرام 23-2022ء کی تشکیل کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## یوریا کھاد مارکیٹ میں نایاب کسان دھکے کھاتے پھر رہے ہیں کسان بورڈ

حکومت ہر محاذ پر ناکام ہوچکی ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے مستعفی ہوجائے مطالبہ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) کسان بورڈ کے تحصیل صدر فیاض احمد خان بلوچ، اور سینئر نائب صدر جام اللہ ڈتہ گھنیہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کے دور میں کسانوں کے ساتھ جو زیادتی ہورہی ہے۔ ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے ایک ماہ سے کسان یوریا کھاد کے حصول کے لئے ٹھوکریں کھارہا ہے اور سارا سارا دن مارکیٹوں میں دربدر ہے مگر اسے یوریا کھاد دستیاب نہیں ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا پی ٹی آئی حکومت میں آٹا، چینی، بحران کے بعد یوریا کھاد کے بحران نے ثابت کردیا ہے کہ موجودہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سردی کی شدت میں اضافہ لنڈا بازار میں قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

گزشتہ برس کی نسبت امسال قیمتوں میں پچاس سے ساٹھ فیصد اضافہ ہوا' لنڈا بھی غریب کی پہنچ سے دور ہوگیا

چنی گوٹھ (نامہ نگار) سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی لنڈا بازار میں قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی گذشتہ سال کی نسبت امسال قیمتوں میں 50 سے 60 فیصد اضافہ لنڈا بھی غریب کی پہنچ سے دور ہوگیا ہے سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی غریبوں نے گرم ملبوسات کی خریداری کیلئے لنڈے بازار کا رخ کرلیا جبکہ خریداروں کا کہنا ہے کہ قیمتوں میں اضافہ کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# پی ٹی آئی نے 53 بینک اکاؤنٹس اور 31 کروڑ روپے کی رقم چھپائی

پاکستان تحریک انصاف کے خلاف اسکروٹنی کمیٹی کے رپورٹ کے اہم نکات سامنے آگئے۔ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی نے 2008 و 2009 کے بینک کھاتوں کو ظاہر نہیں کیا گیا، پی ٹی آئی نے نیوزی لینڈ اور کینیڈا کے اکاؤنٹس تک رسائی نہیں دی جبکہ بقیہ ظاہر شدہ فنڈز کے بارے میں اسٹیٹ بینک کی رپورٹ میں انکشاف ہوا

رپورٹ کے مطابق 2008/2009 و 2012/13 میں پی ٹی آئی نے الیکشن کمیشن کے سامنے ایک ارب 33 کروڑ روپے کے عطیات ظاہر کیے جبکہ بارہ بینک اکاؤنٹس ظاہر کیے، رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک نے انکشاف کیا کہ ریکارڈ کے مطابق پی ٹی آئی کے 65 بینک اکاؤنٹس ہیں پی ٹی آئی نے 31 کروڑ سے زائد رقم الیکشن کمیشن میں ظاہر نہیں کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کیخلاف اسکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ کے اہم نکات سامنے آگئے۔ پی ٹی آئی کے خلاف الیکشن کمیشن کی اسکروٹنی کمیٹی رپورٹ کے نکات سامنے آگئے ہیں جس کے مطابق تحریک انصاف نے 77 میں سے صرف 12 اکاؤنٹس ظاہر کیے جب کہ 53 بینک اکاؤنٹس اور 31 کروڑ روپے کی رقم چھپائی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی کے 2008 اور 2009 کے دو بینک کھاتوں کو ظاہر نہیں کیا گیا، پی ٹی آئی نے نیوزی لینڈ اور کینیڈا کے اکاؤنٹس تک رسائی نہیں دی جب کہ بغیر ظاہر شدہ فنڈز کے بارے میں اسٹیٹ بینک کی رپورٹ میں انکشاف ہوا۔ الیکشن کمیشن کی اسکروٹنی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی نے 2008 سے 2013 تک 1 ارب 33 کروڑ 22 لاکھ کے فنڈز ظاہر کیے اور الیکشن کمیشن میں 12 بینک اکاؤنٹس ظاہر کیے۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے سامنے 53 پارٹی بنک اکاؤنٹس چھپائے جب کہ اسٹیٹ بینک نے انکشاف کیا کہ ریکارڈ کے مطابق پی ٹی آئی کے 65 بنک اکاؤنٹس ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سال 2008، 2009 اور 2012-13 میں پی ٹی آئی نے الیکشن کمیشن کے سامنے 1 ارب

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## میپکو صارفین کیلئے مون سون سیزن میں بجلی کے ممکنہ حادثات سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ہدایات

بارش کے موسم میں بجلی کی تاروں کھمبوں اور ٹرانسفارمرز کے نیچے کھڑے ہونے' چھونے' گاڑی کھڑی کرنے ان پر کپڑے پھیلانے سے گریز کریں' ایس ڈی او میپکو چنی گوٹھ آصف سجاد لغاری

چنی گوٹھ) نامہ نگار (ایس ڈی او میپکو سب ڈویژن چنی گوٹھ آصف سجاد لغاری کی جانب سے میپکو صارفین کے لئے مون سون سیزن میں بجلی کے ممکنہ حادثات سے بچاکے لیے حفاظتی ہدایات۔ انہوں نے کہا کہ بارش کیموسم میں بجلی کی تاروں کھمبوں اور ٹرانسفارمرز کے نیچے کھڑے ہونے، چھونے، گاڑی کھڑی کرنے، سامان رکھنے اور ان پر کپڑے پھیلانے سے گریز کریں۔ اپنے جانوروں کو بجلی کے کھمبوں اور تاروں کے ساتھ نہ باندھیں۔ ہاتھ، کپڑے اور جوتے گیلے ہونے کی صورت میں بجلی کے سوئچ، تار اور آلات وغیرہ کو نہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# سپریم کورٹ نے کراچی میں مدینہ مسجد کو نہ گرانے کی حکومتی استدعا مسترد کردی

حکومت چاہیے تو مسجد کے لیے متبادل زمین دے دے یہ پارک تو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے

چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد کا اٹارنی جنرل سے مکالمہ' تجاوزات پر مسجد کی تعمیر غیر مذہبی اقدام ہے' جسٹس قاضی امین کے ریمارکس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے کراچی میں مدینہ مسجد کو مسمار کرنے سے روکنے کی استدعا مسترد کردی۔ سپریم کورٹ میں کراچی میں تجاوزات گرانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ حکومت کی طرف سے اٹارنی جنرل

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: شعبہ کامرس اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے زیر اہتمام اسلامک بینکنگ سیمینار میں قاضی عبدالصمد شریعہ کنسلٹنٹ بنک آف خیبر اور دیگر شرکا اسلامک بینکنگ، کاروباری اشتراک اور اس کے دیگر پہلوؤں پر تفصیلی لیکچر دے رہے ہیں۔

## سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کا 94 واں یوم پیدائش "آج" منایا جائیگا

کراچی (یو این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی و چیئرمین و سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کا 94 واں یوم پیدائش 5 جنوری بروز بدھ کو عقیدت واحترام اور روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جائیگا اس سلسلہ میں کراچی سمیت پاکستان کے چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر میں پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام سالگرہ کی تقریبات انعقاد پذیر ہونگی اور اس سلسلہ میں کیک بھی کاٹے جائیں گے وہ 5 جنوری 1928 کو لاڑکانہ میں پیدا ہوئے تھے اس روز الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

## کے پی حکومت کے اربوں روپے کہاں جارہے ہیں؟

اسپتالوں میں اوپر سے نیچے تک سفارشی بھرتی کیے گئے، چیف جسٹس

اسلام آباد (یو این پی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد کا کہنا ہے کہ صحت کارڈ کے لیے 5، 6 ارب روپے مختص کر دیے ہوں گے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی ودیگر کے خلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے سے متعلق ریفرنس کی سماعت 19 جنوری تک ملتوی

کراچی (یو این پی) احتساب عدالت نے اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی ودیگر کے خلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے سے متعلق ریفرنس کی سماعت 19 جنوری تک ملتوی کردی۔ منگل کو کراچی کی احتساب عدالت میں اسپیکر سندھ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار ایلیویٹڈ ایکسپریس وے پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## احسن اقبال کے عمران خان کے ٹیکس ادائیگی کے حوالے سے اعداد وشمار، شہباز گل نے چیلنج دیدیا

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے احسن اقبال کے عمران خان کے ٹیکس ادائیگی کے حوالے سے اعداد وشمار لیگی رہنما کو چیلنج دیدیا۔ تفصیلات کیمطابق لیگی رہنما احسن اقبال نے عمران خان کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## پرانے ڈالر ایکسپورٹ کرنے کی اجازت، ڈالر جلد 5 روپے تک گرنے کا امکان

اسلام آباد (یو این پی) ڈالر جلد 5 روپے تک گرنے کا امکان ہے۔ وزیر خزانہ شوکت ترین اور گورنر رضا باقر نے اسٹیٹ بینک کو ہدایت کی ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر پرانے ڈالرز ایکسپورٹ کرنے کی اجازت دی جائے۔ ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ملک بوستان نے کہا ہے کہ اگر حکومت ہمارے درینہ مسائل حل کردے تو وہ سالانہ 10 ارب ڈالر سے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وزیر خزانہ نے مہربانی کی کہ لنڈے کے کپڑوں پر ٹیکس نہیں لگایا، علی محمد خان

علی محمد خان کی لنڈے کے کپڑوں پر ٹیکس نہ لگانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے

اسلام آباد (یو این پی) وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور علی محمد خان کی لنڈے کے کپڑوں پر ٹیکس نہ لگانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں علی محمد خان پارٹی کارکنان سے کہہ رہے ہیں کہ شکایت ملی تھی کہ لنڈے کے کپڑوں پر ٹیکس لگایا جارہا ہے جس پر وزیر خزانہ کو ٹیکس نہ لگانے کی درخواست دی تھی۔ علی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## متوقع وزیر اعظم شہباز شریف ہیں، امید ہے کہ نواز شریف 23 مارچ کے احتجاج میں ہوں

نواز شریف تو خود لندن میں نہیں رہنا چاہتے' مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر

اسلام آباد (یو این پی) مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر کا کہنا ہے کہ امید ہے کہ 23 مارچ کے لانگ مارچ میں نواز شریف موجود ہوں۔ انہوں ن ے کہا کہ متوقع وزیر اعظم شہباز شریف ہیں، برطانوی عدالتوں نے بھی شہباز شریف

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے صوبائی وزیر سید صصام علی بخاری' ایم این اے رائے مرتضی اقبال اور تحریک انصاف کے رہنما رائے حسن نواز ملاقات کر رہے ہیں۔

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر محمد خضر افضال چوہدری پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

# فنڈنگ کیس نے عمران خان کے چہرے پر سجا ایمانداری کا میک اپ دھو دیا احسن اقبال

پی ٹی آئی کی چوری پکڑی جاچکی ہے ن لیگ کا کوئی ممنوعہ فنڈنگ کیس زیر سماعت نہیں

پی ٹی آئی نے الیکشن میں ن لیگ کی بدعنوانی کا ایک بھی ثبوت نہیں دیا مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹری جنرل کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال کا کہنا ہے کہ فارن فنڈنگ کیس نے عمران خان اور پی ٹی آئی کے چہرے سے ایمانداری کا میک اپ دھو دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے دفتر کے باہر میڈیا سے گفتگو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## احساس کے نام پر عوام کو لوٹنے والے عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائیگا، ڈاکٹر ثانیہ نشتر

احساس اور ایف آئی اے بدعنوان عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہیں

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ احساس کے نام پر عوام کو لوٹنے والے عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کے ساتھ اہم ملاقات میں کہی۔ ملاقات کا مقصد احساس کے نام پر جعلسازی کرنے والے عناصر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## پاکستان سے پہلی مال بردار ٹرین 13 روز بعد ترکی پہنچ گئی

دوسری ٹرین منزل کی جانب رواں دواں، تیسری جلد ہی ترکی جائے گی

لاہور (یو این پی) تہران کے ذریعے استنبول اور اسلام آباد کے درمیان ایک دہائی بعد چلنے والی مال بردار ٹرین لاہور، تفتان اور زاہدان سے ہوتی ہوئی انقرہ پہنچ گئی، مال بردار ٹرین نے اپنے 17 روز کا سفر 13 روز میں مکمل کیا جبکہ دوسری ٹرین بھی ترکی کے راستے پر رواں ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان ریلوے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



## بچہ جمہورا

سنا ستاد جی: نواز شریف کی پاکستان آمد کے حوالے سے دعوے اب جھاگ کی طرح بیٹھ گئے ہیں

ہاں بچے جمہورے: ن لیگ کے مرکزی سینئر نائب صدر شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پارٹی کی پالیسی یہ ہے کہ نواز شریف علاج کرا کے ملک واپس آئیں گے۔

دیکھو اور انتظار کرو

بہاول پور: آر پی او شیر اکبر پاکستان سٹیزن پورٹل، آئی جی کمپلینٹ سیل 1787 اور دیگر ذرائع سے آنیوالی شکایات کے حوالے سے تینوں اضلاع کے ڈی پی اوز سے میٹنگ کر رہے ہیں۔

## ویکسین شدہ افراد بھی کورونا کا شکار ہورہے ہیں لیکن شرح کم ہے، ڈاکٹر فیصل سلطان

اومی کرون کے کیسز ہر جگہ سے آرہے ہیں، کراچی میں اومی کرون کیسز کی شرح 8.9 فیصد ہے

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان کا کہنا ہے کہ صحت کارڈ کے حامل افراد کراچی سمیت ملک کے کسی بھی شہر میں مخصوص نجی ہسپتالوں میں علاج کروا سکتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ مخصوص ہسپتالوں میں علاج کروالے والے مریضوں کو علاج کی رقم کے لیے ادائیگی نہیں کرانی، ہسپتال اور حکومت کا مقرر کردہ محکمہ خود معاملات طے کرے گا۔ پاکستان میں کورونا کی پانچویں لہر کی تصدیق کرتے ہوئے ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ اومی کرون کے کیسز ہر جگہ سے آرہے ہیں، کراچی میں ثبت اومی کرون ویرینٹ کیسز کی شرح 8.9 فیصد جبکہ لاہور اور پشاور میں 2.2 فیصد ہے۔ معاون خصوصی کا کہنا تھا کہ ویکسین شدہ افراد بھی کورونا کا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ادار یہ

### روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ.....احمد پور شرقیہ

### بلدیہ احمد پور شرقیہ کے عوامی دور میں سوا گیارہ کروڑ روپے کی ترقیاتی سکیمیں

### سابق چیئرمین بلدیہ ملک عثمان رشید بوبک اور ان کے ساتھی مبارک باد کے مستحق

### بروز بدھ 5 جنوری 2022

نواز شریف حکومت کے دور میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں ملک عثمان رشید بوبک چیئرمین میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ منتخب ہوئے تھے، اُنہوں نے اڑھائی سال تک چیئرمین بلدیہ کے فرائض انجام دیئے گو وہ چار سال کے لیے منتخب ہوئے تھے مگر تحریک انصاف حکومت نے پنجاب کے تمام بلدیاتی اداروں کو تحلیل کر دیا تھا حال میں ہی سپریم کورٹ نے بلدیاتی اداروں کو بحال کر دیا تھا جو 31 دسمبر 2021 کو اپنی چار سالہ مدت کر کے دوبارہ تحلیل ہوگئے

31 دسمبر 2021 کو ملازمین بلدیہ نے سبکدوش ہونے والے چیئرمین ملک عثمان رشید بوبک کے اعزاز میں الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا جس میں چیف افیسر رائے محمد ظفر اقبال کے علاوہ ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک عثمان رشید بوبک نے کہا کہ اڑھائی سالہ دور نمائندگی میں حکومت پنجاب کی کی جانب سے ساڑھے چھ کروڑ روپے کی گرانٹ شہر احمد پور شرقیہ کی ترقیاتی سکیموں کے لیے دی گئی تھی جبکہ اُنہوں نے میونسپل کمیٹی کی مختلف مدات میں بچت کر کے سوا گیارہ کروڑ روپے اس عرصہ میں شہر کے مختلف وارڈوں میں ترقیاتی سکیموں پر خرچ کیے

ملک عثمان رشید بوبک اپنے بوبک خاندان کی تیسری نسل ہیں جنہوں نے بلدیہ احمد پور شرقیہ کی چیئرمین کا عہدہ حاصل کیا۔ قبل ازیں انکے دادا محترم ملک اللہ وسایا بوبک مرحوم ایوبی دور حکومت میں بلدیہ احمد پور شرقیہ کے سربراہ جبکہ انکے والد ملک رشید احمد بوبک مرحوم جنرل ضیا الحق اور نواز شریف حکومتوں کے ادور میں دو مرتبہ احمد پور شرقیہ میونسپل کمیٹی کی چیئرمین شپ کے عہدے کے لیے منتخب ہوئے تھے۔

ملک عثمان رشید بوبک کے دادا ملک اللہ وسایا بوبک اور والد محترم ملک رشید احمد بوبک مرحوم نے ایمانداری اور فرض شناسی سے فرائض انجام دیئے بوبک خاندان کی تینوں نسلوں کے سابق چیئرمینوں پر کرپشن کا کوئی داغ نہیں غالباً اس وجہ سے ملک عثمان رشید بوبک کے سر پر چیئرمین شپ کا تاج سجایا گیا یہ بات بھی بھی اظہر من الشمس ہے کہ سرکاری افسران کے مقابلہ میں بلدیاتی اداروں کی سربراہی عوامی نمائندوں کے پاس ہونے سے بنیادی شہری مسائل بخوبی حل ہوتے ہیں کیونکہ کونسلروں اور چیئرمین تک عام آدمی کی رسائی ہوتی ہے مگر ان اداروں میں اگر بیوروکریٹ براجمان ہوں تو شہریوں کو اپنے چھوٹے چھوٹے مسائل کے حل میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے چند ایک کے سوا سرکاری افسران کی اکثریت موسم گرما میں اپنے ائیر کنڈیشنرز دفاتر اور موسم سرما میں اپنے دفتر میں نصب ہیٹروں سے باہر نکل کر گلی محلوں میں جانا پسند نہیں کرتی جسکے باعث عوامی مسائل کے حل نہ ہونے کی شکایات زبان زد عام رہتی ہیں

اس صورتحال کا بخوبی اندازہ حالیہ چند ماہ کے دوران بلدیہ احمد پور شرقیہ میں دوبارہ عوامی نمائندوں کی موجودگی سے لگایا جاسکتا ہے کہ کس طرح مدینہ مسجد یا غلہ منڈی اور شہر کے دیگر علاقوں میں سال ڈیڑھ سال کھڑے گندے پانی کا چیئرمین بلدیہ ملک عثمان رشید بوبک نے خود موقع پر کھڑے ہو کر نکاس کرایا اگر وہ اس گندے کھڑے پانی کا نکاس کرا سکتے ہیں تو ایڈمنسٹریٹر کے عہدے پر فائز اسسٹنٹ کمشنر صاحبان کیا کرتے رہے ہیں؟ ہم ان کالموں کے ذریعے عوامی نمائندگی کے فریضہ سے عہدہ برآہ ہونے پر سابق چیئرمین ملک عثمان رشید بوبک کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار سے سپاس گزار ہیں کہ وہ جلد از جلد بلدیاتی اداروں کے انتخابات کرائیں تاکہ منتخب نمائندے شہری ودیہی مسائل کو عوام کی دہلیز پر حل کرسکیں۔

بہاول پور: انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب واٹس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی کو سرائیکی دانشور ظہور دھریجہ اپنی سرائیکی کتاب پیش کر رہے ہیں۔

بہاول پور: فرید گیٹ کے قریب قائم انگریزی میں لکھے گئے بہاول پور میں انتہائی خوبصورتی سے اردو میں بھی بہاول پور پوشیدہ ہے۔

اسلام آباد: غربت کے خاتمے اور سماجی تحفظ کے بارے میں وزیراعظم پاکستان کی معاون خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر، چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر غلام محمد علی کے ہمراہ بلکسٹر، چکوال میں کاشت کی گئی ادرک کی فصل کا افتتاح کر رہی ہیں۔

**نمبر 01**

جلد سے جلد جوڈیشل کمپلیکس بن جائے گا۔ جوڈیشل کمپلیکس بننے سے وکلا کو اچھا ماحول اور کیس کی بہتر تیاری کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ وکیل اور جج میں کوئی تفریق نہیں کرتا۔ جج اور وکیل کا کام ایک ہی ہوتا ہے۔ وکیل کا کام مقدمے کی پیروی اور جج کا کام مقدمے کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ دونوں آئین اور عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتے ہیں۔ میں بنیادی طور پر وکیل ہوں، صرف بینچ کی دوسری سائیڈ پر بیٹھ گیا ہوں۔ میری واپسی بھی آپ کے پاس ہی ہوگی۔ سپریم کورٹ کا کام ہے کہ عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا آپ کے کچھ مسائل ہیں، ان کی کیا نوعیت ہے، اس کا علم نہیں تاہم کافی سارے معاملات تو نمٹ چکے ہیں اور اگر میں کوئی قدم اٹھانے کی پوزیشن میں ہوا تو ضرور لوں گا۔

**نمبر 02**

2022-ء کی تشکیل کے لئے جامع پلان مرتب کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن، ایڈیشنل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، ڈپٹی سیکرٹریز، سیکشن آفیسرز بھی موجود تھے اور جنوبی پنجاب کے ایگزیکٹو انجینئرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام 23-2022ء مرتب کرنے کے لئے ایک ٹیم بھی تشکیل دی گئی جس کے کنوینر ایڈیشنل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ محمد راشد ہوں گے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ جنوبی پنجاب محمد الطاف بلوچ نے ہدایت کی کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 23-2022ء کو جلد مرتب کیا جائے اور سالانہ ترقیاتی پروگرام 22-2021ء کے تحت جاری ترقیاتی سکیموں کو مقررہ وقت میں معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ایگزیکٹیو انجینئرز فیلڈ میں جا کر ترقیاتی منصوبوں کی خود انسپکشن کریں۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی ترقیاتی سکیموں کی انسپکشن کے لیے وزٹ کریں گے

**نمبر 03**

سیکرٹری جنرل پاکستان تحریک انصاف عامر محمود کیانی کے علاوہ چیرمین آئی ایل ایف سینیٹر علی ظفر، نوید سہیل ملک، فیاض احمد مہر، قیصر عباس شاہ، عمیر نیازی، انیس ہاشمی، نہاد سیم شامل تھے۔ ملاقات میں آئی ایل ایف کی مختلف امور پر بات چیت ہوئی۔ وزیراعظم نے اس موقع پر کہا کہ حکومت قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور اس بات پر زور دیا کہ مراعات یافتہ طبقے اور عام شہری پر قانون کا اطلاق یکساں ہونا چاہیے۔

**نمبر 04**

والی شکایات کے حوالے سے ماہانہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی پی او بہاولنگر محمد ظفر بزدار اور ڈی پی او رحیم یار خان محمد علی ضیاء نے بذریعہ ویڈیو لنک میٹنگ اٹینڈ کی۔ میٹنگ میں تینوں اضلاع کے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ فوکل پرسن پی ایم ڈی یو انسپکٹر لیگل جام محمد محسن اُوڈ نے وزیراعظم پورٹل پر آنے والی تمام شکایات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ آر پی او شیرا کبر نے میٹنگ کے دوران تینوں ڈی پی اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ قبضہ مافیا کے خلاف پاکستان سٹیزن پورٹل پر اوور سیز پاکستانی اور پاکستان میں موجود شہریوں کی طرف سے آنے والی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ اس کے علاوہ آئی جی پنجاب کمپلینٹ سیل 1787 اور دیگر ذرائع سے آنے والی شکایات کا بھی بروقت ازالہ کیا جائے۔ ریسکیو 15 پر آنے والی کال پر پولیس کے اچھے ریسپانس کی ضرورت ہے اس پر زیادہ توجہ دیں کیونکہ کسی بھی واقعہ کے رونما ہو جانے کہ فوراً بعد پولیس کے اچھے ریسپانس سے معاملہ حل کرنے میں آسانی ہوتی ہے اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ٹھوس شواہد حاصل ہوتے ہیں۔ شہریوں سے التماس ہے کہ وہ ریسکیو 15 اور اس جیسی سروسز پر بوگس کال نہ کریں بصورت دیگر ایسے اشخاص کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

**نمبر 05**

ایم کا بلا مقصد احتجاج دم توڑ چکا ہے۔ اپوزیشن کے پاس ماسوائے شرمندگی کے کچھ نہیں بچا۔ اپوزیشن "میں نہ مانوں" کی رٹ چھوڑ کر عملیت پسندی کا مظاہرہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ان عناصر نے قومی مفادات کو یکسر فراموش کیا۔ اپوزیشن جماعتوں نے ہر موقع پر ترقی کے سفر کو روکنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود آگے کی جانب بڑھ رہے ہیں اور بڑھتے رہیں گے۔

**نمبر 06**

اور فلو یعنی زکام کے دوہرے انفیکشن کا معاملہ ہے۔ کورونا اور فلو کے اس دوہرے انفیکشن کو "فلورونا" کہا جا رہا ہے یعنی بیک وقت فلو+کورونا کا دوہرا انفیکشن "فلورونا" ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دنیا کا پہلا فلورونا کیس حال ہی میں اسرائیل میں سامنے آیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ فلورونا کا پہلا کیس ایک حاملہ خاتون میں پایا گیا ہے جسے رابن میڈیکل سینٹر میں بچے کو جنم دینے کے لیے داخل کیا گیا تھا۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ یہ جاننا انتہائی ضروری ہے کہ فلورونا کورونا کا کوئی نیا ویریینٹ نہیں ہے۔ یہ ایک ہی وقت میں فلو اور کورونا سے ہونے والا دوہرا انفیکشن ہے۔ اسرائیلی ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ گزشتہ چند ہفتوں میں اسرائیل میں انفلوئنزا یا فلو (زکام) کے کیسز میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہ تحقیق فلورونا پر کی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق کورونا اور فلو دونوں کے دوہرے حملے سے سنگین بیماری کا خطرہ زیادہ ہے کیونکہ یہ تیزی سے پھیل سکتا ہے۔ فلورونا کی وجہ سے مریض کو نمونیا، سانس لینے میں دشواری، اعضاء کا خراب ہونا، ہارٹ اٹیک، دل یا دماغ میں سوجن، فالج وغیرہ جیسی سنگین بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ جبکہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کے مطابق ایک ہی وقت میں فلو اور کورونا دونوں بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔

**نمبر 07**

ایوی ایشن کے نئے حکم نامے کے مطابق سفری پابندیوں والے ممالک کی کیٹیگری بی اور سی فہرست کو ختم کیا جا رہا ہے۔ پاکستان آنے والوں کے لیے 48 گھنٹے پہلے کا پی سی آر ٹیسٹ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ سی اے اے نے ممانعت والے ملکوں کی کیٹیگری بی اور کیٹیگری سی فہرست کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس پر 5 جنوری سے عمل درآمد ہوگا۔ نئے حکم نامے کے مطابق یورپی ملکوں سے پاکستان پہنچنے والے مسافروں کے لئے ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ یورپی ملکوں سے پاکستان آنے والے مسافروں کے لئے ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر مسافروں کو 10 روز کے لیے قرنطینہ سینٹرز میں رکھا جائے گا۔ ہوٹل یا کسی مخصوص جگہ پر قرنطینہ کے اخراجات مسافر کو خود برداشت کرنے ہوں گے۔ سول ایوی ایشن کے نئے حکم نامے کا اطلاق 5 جنوری سے ہوگا۔ خیال رہے کہ مسافروں پر ویکسینیشن کی پابندی سے متعلق کوئی نیا حکم جاری نہیں کیا گیا۔ 14 دسمبر کو سول ایوی ایشن اتھارٹی کی جانب سے بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کے لیے کورونا ویکسی نیشن کی مکمل ڈوز کے بغیر پاکستان سفر کی سہولت کی اجازت نامے میں 2 ماہ کی توسیع کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ دنیا بھر میں کورونا وائرس کے نئے ویریئنٹ اومی کرون کے پھیلاؤ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس کے پیش نظر مختلف ممالک نے مختلف نوعیت کی سفری پابندیاں بھی عائد کر رکھی ہیں جبکہ اومی کرون کے پھیلاؤ میں تیزی آنے کی وجہ سے کئی ممالک میں لاک ڈاؤن کا عندیہ بھی دیا جا رہا ہے تاہم اس حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔

**نمبر 08**

قاضی عبدالصمد شریعہ کنسلٹنٹ بنک آف خیبر نے اسلامک بینکنگ، کاروباری اشتراک اور اس کے دیگر پہلوؤں سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اسلامک بنکاری اور مروجہ رائج بنکاری کے درمیان فرق، مساوی اشتراک داری اور دیگر امور سے متعلق تفصیلی لیکچر دیا۔ این آر ایس پی مائیکروفنانس بنک کے شریعہ ایڈوائزر مفتی محمد عباد ارشاد اور حسن وڑائچ نے بھی اسلامک بنکاری سے متعلق تفصیلی گفتگو کی۔ سٹیٹ بنک آف پاکستان کے نمائندہ محمد عارف نے اسلامک بنکاری کی شرح نمو اور مارکیٹ شیئر سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین شعبہ کامرس پروفیسر ڈاکٹر عبدالماجد کی نے سیمینار کے انعقاد میں خصوصی سرپرستی پر وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب اور مختلف بنکوں سے آئے ہوئے مہمان مقررین کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

**نمبر 09**

حکومت پر محاذ پر ناکام ہو چکی ہے۔ اور اسے اپنی ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے مستعفی ہو جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا اس وقت اگر کسانوں کو یوریا کھاد نہ ملی تو گندم کی اوسط پیداوار متاثر ہوگی۔ جس سے غذائی بحران کا خدشہ ہے حکومت فی الفور کسانوں کو یوریا کھاد کی فراہمی ممکن بنائے۔

**نمبر 10**

باعث لنڈا بھی غریب کی پہنچ سے دور ہو گیا ہے چنی گوٹھ اور گردونواح میں گزشتہ رات بارش کے بعد سردی کی شدت میں اچانک اضافہ ہو گیا جس کے باعث گرم کپڑوں کی خریداری کیلئے غریب اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے لنڈے بازاروں کا رخ کیا خریداروں کا کہنا ہے کہ اس ہوش ربا مہنگائی میں گرم کپڑے خریدنے یا سلوانے کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا ہے اور اب لنڈا بھی غریبوں کی پہنچ سے دور ہو گیا ہے انہوں نے بتایا کہ امسال لنڈے کے کپڑوں کی قیمتوں میں 60% سے زائد اضافہ ہو چکا ہے جس کی وجہ سے یہاں سے خریداری کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے اور لنڈے بازار میں سویٹر کی قیمت چار سو سے پانچ روپے کے درمیان جبکہ جیکٹ پانچ سو سے ایک ہزار روپے کے درمیان ہے جو کہ ہماری پہنچ سے بہت دور ہیں جبکہ دکاندار کا کہنا ہے کہ جو پہلے لنڈے کا بورا 1000 میں ملتا تھا اب پچیس سو میں مل رہا ہے مہنگائی کی وجہ سے ہم سب پریشان ہیں ہم وزیراعظم پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مہنگائی کو کنٹرول کرے۔

**نمبر 11**

33 کروڑ روپے کے عطیات ظاہر کیے، پی ٹی آئی کی جانب سے الیکشن کمیشن میں عطیات سے متعلق غلط معلومات فراہم کی گئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسٹیٹ بینک کے بینک اسٹیٹمنٹ سے ظاہر ہے کہ پی ٹی آئی کو 1 ارب 64 کروڑ روپے کے عطیات موصول ہوئے اور پی ٹی آئی نے 31 کروڑ روپے سے زائد رقم الیکشن کمیشن میں ظاہر نہیں کی۔

**نمبر 12**

چھوئیں۔ کپڑے سکھانے کے لئے دھاتی تار کی بجائے رسی کا استعمال کریں اور اسے بجلی کے کھمبے یا بجلی کے پائپ کے ساتھ نہ باندھیں۔ بجلی کی ہائی وولٹیج تاروں اور ٹرانسفارمرز کے نیچے غیر قانونی تعمرات، سٹالز اور ریڑھیاں نہ لگائیں۔ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں بجلی تنصیبات سے دور رہیں اور فوری طور پر اس کی اطلاع متعلقہ سب ڈویژن، ڈویژن کے کسٹمر سروس سنٹر کمپلینٹ سنٹر پر دیں۔ تمام ملازمین کو بھی ہدایات ہیں کہ وہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے، بارشوں سے متاثرہ علاقوں کی بجلی بحال کرنے اور شکایات کے ازالہ کیلئے سیفٹی ہدایات اور قوانین پر سختی سے عمل کریں۔

**نمبر 13**

اسمبلی آغا سراج درانی و دیگر کے خلاف ریفرنس آمدن سے زائد اثاثے بنانے سے متعلق ریفرنس کی سماعت ہوئی۔ آغا سراج درانی و دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے۔ نیب کی جانب سے گواہ فضل حسین عدالت میں پیش کیا گیا۔ گواہ کے پاس اصل دستاویزات نہ ہونے کی وجہ سے بیان قلم بند نہ ہو سکا۔ ریفرنس میں نامزد چار ملزمان بھی عدالت میں پیش نہ ہو سکے۔ عدالت نے ریفرنس کے ایک ملزم گلزار احمد کو علاج کے لئے بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی۔ عدالت نے ریفرنس کی مزید سماعت 19 جنوری تک ملتوی کر دی۔ سماعت کے موقع پر غیر رسمی گفتگو میں اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے سے ایوان کا تقدس پامال ہو رہا ہے۔ قانون ساز اسمبلی ہے، یہ وہ اسمبلی ہے جہاں قائداعظم محمد علی جناح نے پہلے گورنر جنرل کا حلف لیا تھا۔ اس ہی اسمبلی نے پاکستان کی قرارداد پاس کی تھی۔ اس ہی اسمبلی میں پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان بیٹھے تھے۔ جس کے پاس اکثریت ہوتی ہے وہ قانون بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کو اسپیکر اور نہ ہی اسمبلی پاس کرتی ہے بلکہ ہاؤس پاس کرتا ہے۔ قانون ہاؤس میں جاتا ہے، جہاں ووٹنگ ہوتی ہے۔ جماعت اسلامی کو سندھ سیکرٹریٹ جانا چاہیے۔ ان کو دھرنا سندھ سیکرٹریٹ کے سامنے دینا چاہیے، سندھ حکومت وہاں پر ہے۔ اس میں اسمبلی کا کیا قصور ہے کہ وہاں دھرنا دیا گیا ہے۔ میرا واسطہ نہیں کسی سے مذاکرات کروں۔ میرا کام اسمبلی چلانا ہے۔ جس کے پاس ووٹ ہوں گے وہ قانون پاس کریں گے۔ اسمبلی پر الزام لگانا بے بنیاد ہے۔ جماعت اسلامی کے دھرنے سے اسمبلی کی بڑی بے حرمتی ہوئی ہے۔ پورے سال میں اسمبلی کی جتنی بے حرمتی ہوئی وہ گزشتہ تیس سالوں میں نہیں ہوئی۔ پورے سال میں اسمبلی میں ایسی ایسی حرکتیں ہوئیں ہیں جو میں نے تیس سالہ تاریخ میں نہیں دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کا آغاز جماعت اسلامی نے کیا ہے۔ بھینس بیچاری کا کیا قصور ہے۔ وزیراعظم ہاؤس میں بھینسیں تھیں وہ بھی بڑی چیخیں۔ پانچ سال میاں صاحب کا دودھ پیتے رہے وہ اب ہمیں نکال دیا گیا۔

**نمبر 14**

پیش ہوئے اور عدالت سے طارق روڈ پر قائم مدینہ مسجد کو مسمار کرنے کے حکم پر نظر ثانی کی استدعا کی۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ عدالت سے درخواست ہے اپنے 28 دسمبر کے حکم پر نظر ثانی کرے، عدالت کے حکم کی وجہ سے مذہبی تناؤ جنم لے رہا ہے، مسجد گرانے کے حکم سے بہت سے سوالات اٹھ رہے ہیں۔ چیف جسٹس گلزار احمد نے کہا کہ حکومت چاہے تو مسجد کے لیے متبادل زمین دے دے، اٹارنی جنرل صاحب، یہ پارک تو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ جانتا ہوں یہ ریاست اور صوبائی حکومت کا فرض ہے کہ مسجد کے لیے زمین دے، سپریم کورٹ اپنا حکم واپس لے لے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم صرف اتنا کر سکتے ہیں کہ جب تک مسجد کی نئی جگہ نہ ملے تب تک اس کو نا گرانے کا حکم دیں۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ اس کیس میں سندھ حکومت پارٹی نہیں ہے، پہلے سندھ حکومت سے مدینہ مسجد پر تفصیلی رپورٹ لے لیں، سندھ حکومت کی رپورٹ آنے تک مسجد مسمار کرنے کا حکم روک دیں۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ یہ تو بہت گڑبڑ ہو گئی، ہم اپنا آرڈر واپس نہیں لے سکتے، اس طرح کیا ہم اپنے سارے آرڈر واپس لے لیں؟ پارک سے تجاوزات گرانے کا حکم واپس نہیں ہوگا، ہم نے اپنے فیصلے واپس لینے شروع کیے تو اس سب کارروائی کا کیا فائدہ؟۔ جسٹس قاضی امین نے ریمارکس دیے کہ زمینوں کے قبضے میں مذہب کا استعمال ہو رہا ہے، آپ حکومت کے نمائندے ہیں، چاہتے ہیں آسمان گر جائے حکومت ناگرے، عبادت گاہ اور اقامت گاہ میں فرق ہوتا ہے، تجاوزات پر مسجد کی تعمیر غیر مذہبی اقدام ہے، اسلام اس اقدام کی اجازت نہیں دیتا، مسجد بنانی ہے تو اپنی جیب سے بنائیں۔ سپریم کورٹ نے سندھ حکومت سے تین ہفتے میں رپورٹ طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی کر دی۔

**نمبر 15**

تاکہ لوگ اس میں سے پیسہ کھاتے رہیں۔ بریسٹ کینسر کے بڑھتے کیسز سے متعلق ازخود نوٹس کیس کی سماعت چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کی۔ ایڈووکیٹ جنرل کے پی نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے شہریوں کی سہولت کے لیے صحت کارڈ کے اجرا کا کام شروع کیا ہے، رجسٹرڈ ہونے والے ہر شہری کو 10 لاکھ روپے تک علاج کی سہولت دی گئی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ آپ نے پانچ چھ ارب مختص کر دیے ہوں گے تاکہ لوگ اس میں سے پیسہ کھاتے رہیں، خیبر پختونخوا کے گورنمنٹ سیکٹر میں تو کوئی کام ہو ہی نہیں رہا۔ جسٹس گلزار احمد نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے سرکاری اسپتالوں میں نہ کوئی ایکسرے مشین کام کرتی ہے نہ ہی آکسیجن کا نظام ہے، کے پی حکومت کے اربوں روپے جا کہاں رہے ہیں؟ کے پی کے اسپتالوں میں اوپر سے لے کر نیچے تک لوگ سفارش پر بھرتی کیے گئے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ صحت کارڈز کا کوئی طریقہ کار تو ہو، کس کس کو صحت کارڈ دیں گے؟ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کا ہیلتھ بجٹ کہاں جاتا ہے؟ بلوچستان میں آج تک کوئی اوپن ہارٹ سرجری نہیں ہوئی۔ سپریم کورٹ نے بریسٹ کینسر سے متعلق ازخود نوٹس کی سماعت ایک ہفتے کے لیے ملتوی کر دی۔

**نمبر 16**

محمد خان کو یہ کہتے بھی سنا جا سکتا ہے کہ وزیرخزانہ نے مہربانی کی کہ لنڈے کے کپڑوں پر ٹیکس نہیں لگایا۔ خیال رہے کہ وزیرخزانہ شوکت ترین نے چند روز قبل ہی منی بجٹ قومی اسمبلی میں پیش کیا تھا جس کے مطابق حکومت نے اربوں روپے کی سبسڈی ختم کر دی ہے۔

**نمبر 17**

2017، 2018 اور 2019 کی ٹیکس ادائیگی کے حوالے سے اعداد و شمار لکھے۔ انہوں نے اپنے ٹوئٹ میں کہا کہ اسے کہتے ہیں اقتدار کا جادو، عمران نیازی کے اِکم ٹیکس میں وزیراعظم بننے کے بعد 2 سالوں میں 1 ہزار گنا اضافہ کیسے ہوا انہوں نے کہا کہ قوم جاننا چاہتی ہے کہ اقتدار میں آ کر آمدنی کے کونسے نئے ذرائع شامل ہوئی فارن فنڈنگ کا جواب نہیں، تحائف کا جواب نہیں، اب آمدن کا بھی جواب نہیں آئے گا۔ اس ٹوئٹ کے جواب میں معاونِ خصوصی شہباز گل نے احسن اقبال کو ارسطو صاحب کہہ کر مخاطب کیا اور چیلنج دیا کہ وہ لائیو شو میں بات کریں تو عمران خان کے ایک ایک پیسے کا حساب دیا جائیگا۔ شہباز گل نے کہا کہ ارسطو صاحب آ جائیں کسی بھی چینل پر لائیو۔ پہلے تو آپکو وزیراعظم کے ٹیکس کے ایک ایک پیسے کا حساب دیا جائے گا اور اس کے بعد آپ سے آپکے بھگوڑے نواز اور شہباز کا حساب مانگا جائے گا۔

**نمبر 18**

زیادہ حکومت کو فراہم کر سکتے ہیں۔ حکومت پرانے ڈالر ایکسپورٹ کرنے کی اجازت دے تو عوام کے یہ کروڑوں ڈالرز تبدیل ہو کر بینک اکانٹ میں ڈپازٹ ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان کو ایکسپورٹ کرنے والے ایکسپورٹرز کو حکومت نے بینک کا نٹر پر کیش ڈالر جمع کرنے کی اجازت دی ہے اسے فوری طور پر ختم کیا جائے کیونکہ اس سہولت کا بہت زیادہ استعمال ہو رہا ہے۔ ملک بوستان نے تجویز دی کہ اگر حکومت آج ہی کمرشل بینکوں پر یہ پابندی عائد کر دے کہ وہ خریدے بغیر امپورٹر کو فارورڈ میں ڈالر زہر گز فروخت نہ کریں، اگر یہ فیصلہ ہو جائے تو بہت جلد ڈالر کم از کم پانچ روپیہ گر سکتا ہے۔ ملک بوستان نے وزیراعظم سے درخواست کی کہ جس طرح حکومت کمرشل بینکوں کو بیرونی ممالک سے ورکر ریمٹنس لانے پر فی ڈالر 6 روپے ریبیٹ دیتی ہے اسی طرح اگر ایکسچینج کمپنیوں کو بھی ریبیٹ دیا جائے تو ہم سالانہ 10 ارب ڈالر لینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ لیٹر ملنے کے بعد وزیراعظم کے سیکرٹری نے چیئرمین ملک بوستان سے رابطہ کر کے بتایا کہ آپ کا لیٹر وزیراعظم کو مل گیا ہے انہوں نے وزیرخزانہ اور گورنر اسٹیٹ بینک کو کہا ہے کہ آپ سے میٹنگ کر کے ایکسچینج کمپنیوں کے مسائل کو حل کیا جائے اور قابل تجاویز پر عمل کیا جائے۔ وزیرخزانہ شوکت ترین نے اس سلسلے میں یہ میٹنگ طلب کی تھی۔ انہوں نے ایکسچینج کمپنیوں کے ملک میں اربوں ڈالر انٹر بینک میں سرینڈر کرنے پر تعریف کی اور انہوں نے وعدہ کیا کہ حکومت جس طرح کمرشل بینکوں کو ملک میں ان ورڈ ریمٹنس لانے پر Rebate دیتی ہے اسی ریشو سے ایکسچینج کمپنیوں کو بھی Rebate دیا جائیگا۔

**نمبر 19**

کو کلین چٹ دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نجی ٹی وی چینل ہم نیوز کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی صدر میاں شہباز شریف گیارہ ماہ جیل میں گزار چکے ہیں۔ حکومت ہر حربہ آزما چکی ہے لیکن ہم اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے جو حلف نامہ دیا تھا وہ نواز شریف کی صحت سے مشروط ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نواز شریف کی صحت ہماری پہلی ترجیح ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ شفاف اور مداخلت سے پاک انتخابات ہمارا مطالبہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں مریم نواز کا کردار بہت اہم ہے۔ خرم دستگیر نے پروگرام میں گفتگو کے دوران کہا کہ نواز شریف تو خود ایک منٹ بھی لندن میں رہنا نہیں چاہتے۔ لیکن ان کی صحت اور زندگی پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی اس بات پر متفق ہے کہ نواز شریف تب ہی وطن واپس آئیں جب ان کی صحت کے معاملات حل ہو جائیں۔ اور جب ڈاکٹرز ان کو سفر کی اجازت دے دیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف جیل بھگتنے کو تیار ہیں جبکہ نیب ان کے خلاف کچھ بھی نہیں نکال سکا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہمارے حکومتی اتحادی جماعتوں کے ساتھ رابطے ہیں۔ کوشش ہے کہ منی بجٹ کے نقصانات پر ہم ان کو قائل کر لیں۔ واضح رہے کہ سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی وطن واپسی سے متعلق خبریں آج کل زیر گردش ہیں جس پر بحث بھی کی جا رہی ہے۔

**نمبر 20**

کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ عمران خان پورے ملک میں شفافیت کے چیمپئن بنتے ہیں لیکن فارن فنڈنگ کیس میں حیلے بہانے کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کی چوری پکڑی جا چکی ہے، پی ٹی آئی کس بات کو چھپانا چاہتی ہے، کس بات کی رازداری چاہتی ہے؟ جو ایمانداری کا میک اپ پی ٹی آئی اور عمران خان نے چہرے پر سجایا وہ فارن فنڈنگ نے دھو دیا۔ احسن اقبال کا کہنا ہے کہ عمران خان فارن فنڈنگ کیس کو کروانے کے لیے حیلے بہانے تلاش کرتے ہیں جبکہ پی ٹی آئی اپنی چوری چھپانے کے لیے دوسروں پر کیچڑ اچھال رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی نے الیکشن کمیشن میں ن لیگ کی بدعنوانی کا ایک ثبوت بھی پیش نہیں کیا، ن لیگ کے کوئی ممنوعہ فنڈنگ کیس زیر سماعت نہیں ہے، یہ جھوٹ بول کر، کراس ایف آئی آر درج کروا کر اپنی چوری بچانا چاہتے ہیں۔

**نمبر 21**

ڈائریکٹر (آپریشنز) امتیاز احمد نے بتایا کہ 21 دسمبر کو اسلام آباد سے پہلی مال بردار ٹرین روانہ ہوئی، جو 13 روز کا سفر کر کے کے انقرہ (ترکی) پہنچی جس میں دیگر ساز و سامان کے ساتھ بڑی تعداد میں پنک نمک بھی موجود تھا۔ انہوں نے بتایا کہ منزل پر پہنچنے سے قبل ٹرین میں موجود سامان کو ایرانی، ترک ریل گیج سسٹم کے ذریعے دوسری بوگیوں میں منتقل کیا گیا۔ ٹرین 8 ویگنز پر مشتمل ہے جس میں 150 ٹن پنک نمک موجود ہے۔ امتیاز احمد نے مزید بتایا کہ دوسری ٹرین 28 دسمبر کو بندرگاہ پہنچی جس میں 525 ٹن صابن کے پتھر موجود تھے۔ یہ ٹرین ایران میں داخل ہو چکی ہے اور جلد ہی زاہدان پہنچ جائے گی جہاں تریسل سے متعلق دیگر کام مکمل کیا جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں استنبول، تہران، اسلام آباد (آئی ٹی آئی) کے ترجمان امتیاز احمد نے بتایا کہ پاکستان ریلوے نے پہلی ٹرین سے 8 لاکھ اور دوسری ٹرین سے 22 لاکھ روپے کمائے ہیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایران صرف راستہ فراہم کرنے والے ملک کے طور پر استعمال ہوگا اور پاکستان سے لوڈ کیے جانے والے تمام ساز و سامان کی ترسیل ترکی میں ہی کی جائے گی۔ پنک سالٹ سرگودھا سے ٹرک میں لوڈ کر کے اسلام آباد میں آئی ٹی آئی ٹرین تک منتقل کیا گیا جبکہ صابن کے پتھر جلال آباد (افغانستان) سے خریدے گئے اور فریٹ بھیجنے والوں نے اسے خریداروں کے مطالبے کے مطابق آئی ٹی آئی پر بک کیا۔ امتیاز احمد نے مزید کہا کہ تیسری ٹرین بھی جلد ہی ترکی کے لیے روانہ ہوگی، اسے مال بردار ٹرین بھیجنے والوں کی جانب سے لوڈ کیا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ پاکستان سے ترکی مختلف ساز و سامان بھی بھیجا جائے گا اور مال بردار ٹرین بھیجنے والے اس پر کام کر رہے ہیں۔

**نمبر 22**

کے خلاف اشتراک کو بڑھانا تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا کہ احساس اور ایف آئی اے بدعنوان عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہیں، اب احساس اور ایف آئی اے کے درمیان ہفتہ وار میٹنگز کا انعقاد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ احساس کے نام پر عوام کو لوٹنے والے عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ ڈی جی ایف آئی اے کی جانب سے احساس کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔

**نمبر 23**

شکار ہو رہے ہیں لیکن شرح کم ہے، این سی او سی کے اجلاس میں موجودہ صورت حال کا جائزہ لیں گے۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

# شہید ذوالفقار علی بھٹو ایک قوم پرست لیڈر

## تحریر: تاشہ دولتانہ جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب

5 جنوری 1928 کو ذوالفقار علی بھٹو لاڑکانہ سندھ کے بڑے سیاسی خاندان سر شاہنواز بھٹو کے ہاں پیدا ہوئے اور اپنی بے مثال سیاسی جدوجہد کے نتیجے میں تاریخ کے افق پر قائد عوام فخر ایشیا کے طور پر جگمگانے لگے۔ 04 اپریل 1979 کو ملک کے آمر حکمران جنرل ضیاالحق کے دور جبر میں دار پر چڑھا دیئے گئے۔ 1965 کی جنگ کے خاتمے پر معاہدہ تاشقند کے بعد ایوب خان اور ذوالفقار علی بھٹو کے درمیان اختلافات پیدا ہو گئے تو دونوں کے راستے جدا ہو گئے۔ بھٹو کی قیادت میں 30 نومبر 1967 کو لاہور میں ڈاکٹر مبشر حسن کے گھر پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیاد رکھی گئی۔ پارٹی کی اساس انہوں نے اسلام ہمارا دین، سوشلزم ہماری معیشت، جمہوریت ہماری سیاست اور طاقت کا سرچشمہ عوام جیسے بنیادی اصولوں پ